سوال

کیا نبی کریم کی وفات کے بعد جبریل دنیا پر آئے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جبرائیل علیہ السلام رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد زمین پر کتنی بار تشریف لائے اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیں۔؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جبریل کے دنیا پر آنے کی خبر صرف وحی کے ذریعے ہی معلوم ہو سکتی ہے، نبی کریم ﷺ کے وفات پا جانے کے بعد وحی کا سلسلہ منقطع ہو چکا ہے، لہذا اب ہمارے پاس اس بارے میں کوئی خبر نہیں ہو سکتی، کہ آپ کی وفات کے بعد جبریل کتنی بار دنیا پر آئے اور کیوں آئے۔ آئے بھی یا نہیں۔ ہاں البتہ جن نصوص میں لیلۃ القدر میں فرشتوں کے آنے کا تذکرہ ہے، ان میں غالبا جبریل کا بھی نام ہے، کہ وہ بھی آتے ہیں۔ ارشاد باری تعالی ہے : تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا [القدر: 4] امام ضحاک فرماتے ہیں کہ یہاں روح سے مراد جبریل ہیں۔ اور لیلۃ القدر ہر سال آتی ہے۔ اس سے اتنا ضرور ثابت ہو جاتا ہے کہ جبریل اب بھی دنیا پر تشریف لاتے رہتے ہیں لیکن اللہ کے سوا کسی کو اس کا کوئی علم نہیں ہوتا۔ جن لوگوں کا یہ دعوی ہے کہ ان کے پاس جبریل تشریف لاتے ہیں، وہ جھوٹے اور کذاب ہیں۔ جبریل کا کسی انسان کے پاس آنے کی کوئی دلیل موجود نہیں ہے۔ ممکن ہے ان کے پاس شیطان، سیدنا جبریل کی شکل میں آتا ہو اور انہیں گمراہ کرتا ہو۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی